فہرست کتب

۱۸۹۶ء

مطبع

منشی نولکشور

مرتبین: چندر شیکھر، عبدالرشید

فہرست کتب
مطبع منشی نولکشور

فہرست کتب

مطبع منشی نولکشور

(۱۸۹۶ء)

مرتبین

چندر شیکھر

عبدالرشید

اشاعتِ اول : مارچ ۲۰۱۲ء

اشاعتِ دوم : اکتوبر ۲۰۱۶ء

سرورق : اسلم آرٹسٹ

طابع : ایچ.ایس.آفسیٹ پرنٹرس، نئی دہلی

قیمت : ₹500

ناشر : دلّی کتاب گھر، 3961۔گلی خانخانان، جامع مسجد، دہلی۔110006

ISBN : 978-81-910621-8-2

Fehrist-e-Kutub Matb'a Munshi Nawal Kishore

Edited by : Chander Shekhar / Abdur Rasheed

Price : ₹ 500

دِلّی کتاب گھر Dilli Kitab Ghar

3961-Gali Khankhanan, Jama Masjid, Delhi-110006

Email : dillikitabghar@gmail.com

http:dillikitabghar.wordpress.com

Phone : 011-23252696 **Mobile :** 9818530916, 9810276424

منشی نولکشور کے نام

ترتیب

تعارف

کتب

مطبع منشی نولکشور لکھنؤ و کانپور و لاہور

پندرہویں سولہویں صدی میں تاجر پیشہ مغربی قوموں کی ہندوستان کے جنوبی سواحل پر آمد کے ساتھ ہی اشاعتی مشینری کا تعارف بھی ہندوستان میں ہوا۔ واسکوڈے گاما کے گوا میں قدم رکھنے کے محض چھ سال بعد پہلا پریس ۶ رستمبر ۱۵۵۶ء کو کالج آف سینٹ پال گوا کے احاطے میں قائم کیا گیا۔ پریس لگانے کے دو مقصد تھے: تجارتی اور دینی۔ دکنی مسلم اور ہندو حاکموں اور بعدازاں انگریز اور فرانسیسی فوجوں سے شکست خوردہ مایوس پرتگالی گوا اور کونکن کے ایک چھوٹے سے علاقے میں محدود ہوکر رہ گئے۔ اٹھارہویں صدی کے پہلے دہے میں جب مدراس کے ایسٹ انڈیا کمپنی کے جنوبی کمانڈر آیری کوٹی (Eyre Cooty) نے پرتگالیوں کو پانڈیچیری میں شکست دی تو مال غنیمت میں اس کے ہاتھ ایک پریس کا سامان بھی آیا۔ یہ سامان مسیحی مبلّغ Fabricus کے حوالے کردیا گیا جو جنوبی ہند میں مسیحی مسلک ٹرنکیبر (Tranquebor) کا نمائندہ تھا۔ ۱۶۷۱ء میں اس پریس لگانے کا مقصد اصلاً انگریزی کمپنی کی دفتری ضروریات کو پورا کرنا تھا مگر پریس کا اصل کام مسیحیت کے ابلاغی مواد کی اشاعت کے لیے کیا گیا۔ اس لیے اس پریس کو گورنمنٹ اینڈ ڈائسن پریس (Government and Dioscen Press) کے نام سے کیرالا کے ساحلی شہر ویپری (Vepery) میں قائم کیا گیا۔ یہ تامل زبان کا پہلا پریس تھا۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ مغربی تجارت پیشہ اقوام نے مغربی، مشرقی اور جنوبی ہند کے مختلف ساحلی شہروں میں ہی اپنے پریس قائم

کیے۔ تاجری سے ہٹ کر جب انگریزی کمپنی حاکم کے طور پر ابھری تو اس نے مختلف ہندوستانی زبانوں کے پریس قائم کیے۔ منشی نول کشور کے مطبع سے بہت پہلے کلکتہ میں اُردو کا مطبع جون ۱۷۸۶ء میں قائم ہو چکا تھا۔ ہندوستانی پریس، فورٹ ولیم کالج پریس، گورنمنٹ لیتھو پریس، مشن پریس سیرام پور (کلکتہ)، حیدرآباد میں شمس العمارہ اور اودھ کا مطبع سلطانی اور دہلی کا لیتھو پریس اُردو زبان میں اشاعتی کام انجام دے رہے تھے۔ لاہور کے کوہ نور پریس جس کا مالک نول کشور کا ہی ایک رشتہ دار تھا، سے بھی اُردو میں چیزیں چھپ رہی تھیں۔ ان سب کے مقاصد و مفاد محدود تھے۔ نول کشور کی ابتدائی تربیت صحافی، پروڈکشن اسسٹنٹ اور پھر رسمی طور پر 'کوہ نور' کے ایڈیٹر کے طور پر ہو چکی تھی۔ منشی نول کشور پرنٹنگ ٹیکنالوجی اور اس کی ہندوستان میں ضرورت کو بروقت پہچان گئے تھے۔ لکھنؤ کے حاکم کرنل ایبٹ کو ۱۸۵۷ء کی جنگ کے بعد ایسے ہی جوان، مستعد اور ذہین شخص کی تلاش تھی۔ حکومتی امداد و اعانت کو نول کشور نے محض اپنی ذات تک محدود نہیں رکھا۔ مخطوطوں کی شکل میں ہندوستانی وراثت کو محفوظ رکھنے کے لیے انگریزی حکام سے جو امداد ملی انھوں نے اسے دل کھول کر خرچ کیا۔ آمدنی میں اضافہ کے لیے مختلف ذرائع کو استعمال کیا۔ 'اودھ اخبار' میں مندرج انگلستان کے اخبار 'ٹائمز' کی بعض سرخیوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ نول کشور نے اپنا اشتہاری طریق کار اسی اخبار سے اخذ کیا ہوگا۔

یہ امر بھی ملحوظ خاطر رہے کہ ہندوستان سے شائع ہونے والے اخبارات پڑوسی ممالک میں بھی جاتے تھے۔ ایران کی پارلیمنٹ کی لائبریری کے مخطوطہ سیکشن کا ایک حصہ محض اخبارات کے ترجموں سے متعلق ہے۔ قاچاری بادشاہ ناصر الدین شاہ (وفات ۱۸۹۶ء) نے تہران میں ایک دارالترجمہ قائم کیا تھا، اُس میں دیگر ہندوستانی اخبارات کے علاوہ 'کوہ نور' اور 'اودھ اخبار' کے فارسی ترجمے بقلم سید کشمیری خطی نسخوں کی صورت میں موجود ہیں۔ ان سے پتہ چلتا ہے کہ اخبارات میں شائع خبروں اور اشتہارات کی رسائی کہاں تک تھی۔ نول کشور کی خوش قسمتی یہ تھی کہ باوجود غدر کے حوصلہ شکن ماحول کے ایک بڑا طبقہ نول کشور کے اشاعتی پروگرام کا احسان مند تھا۔ ان میں ادباء

وشعراء جن میں غالبؔ سے شرؔر تک سب ان کے مداح ہیں۔ مختلف زبانوں کے متنوع موضوعات پر مرتبہ و محشّی متون کو کثیر تعداد میں نول کشور نے محض اقتصادی مفاد کے لیے شائع نہیں کیا ہوگا۔ اس مطبع سے شائع شدہ کتابوں کے شروع میں اور ان کے خاتمے پر کتابوں کی جو فہرستیں دی جاتی تھیں اور جو مستقل فہرستیں شائع کی گئی ہیں، ان سے اس امر کا بخوبی اندازہ ہوجاتا ہے اور یہ بھی اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ اُردو اس وقت تک کتنی پُر مایہ ہوچکی تھی۔

انیسویں صدی میں جب صنعتی انقلاب اور آگے بڑھا تو کمیونی کیشن ٹیکنالوجی یعنی ترسیل وابلاغ کے ذرائع میں بھی بے انتہا ترقی ہوئی بلکہ ایک اعتبار سے دونوں ایک دوسرے کا نتیجہ تھے۔ ہوائی لہروں کی دریافت اور اس سے پیغام رسانی یا کمیونی کیشن کا کام لینا اس طرح کہ وقت ضائع نہ ہو، انسانی ذہن کی سب سے بڑی کامیابیوں میں سے ایک ہے اور اب تو کمپیوٹر نے اس کام کو کئی جہتوں میں پھیلا دیا ہے۔ اب صرف ایسا نہیں ہے کہ جن باتوں کو ہم محفوظ رکھنا چاہیں، انھیں لکھیں اور پھر چھاپیں اور چھپے ہوئے کی حفاظت کرتے رہیں، ماس میڈیا اور کمپیوٹر نے یہ سارے کام آسان کردیے ہیں اور تو اور بڑے سے بڑے کتب خانے کی تمام کتابیں ایک مختصر سی سی.ڈی یا پین ڈرائیو میں اس طرح محفوظ ہوجاتی ہیں کہ نہ جگہ گھرتی ہے اور نہ اس کی حفاظت کے لیے زیادہ تردّد کرنا پڑتا ہے۔

اشتہار کے کاروبار (advertising) کے فروغ میں بھی یہ نہایت کارآمد ہے۔ آج کل تو advertising نے انڈسٹری کی صورت اختیار کرلی ہے۔ ٹائمس آف انڈیا (۱) کی ایک رپورٹ کے مطابق صرف ہندوستان میں ۲۰۰۹ء میں اشتہار کے کاروبار کی جی.ڈی.پی (Gross Domestic Product) تئیس ہزار کروڑ روپے تھی۔ اس سے اشتہار کی اہمیت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ اس کی اہمیت کے پیش نظر یونیورسٹیوں اور تعلیمی اداروں میں 'ایڈورٹائزنگ' کے کورسز (courses) پڑھائے جارہے ہیں۔ بعض ماہرین معاشیات کا تو یہ کہنا ہے کہ ملک کی پوری اِکونومی (economy) یعنی معیشت ہی اشتہار بازی پر منحصر ہونے لگی ہے۔

کتابوں کو مقبول بنانے میں بھی اشتہار نہایت معاون ہے۔ انگریزی اور دیگر بڑی زبانوں کی کتابوں کے ناشروں کی اپنی ویب سائٹ (website) یعنی اپنے کاروبار کی تفصیلات ایک نظر میں سامنے پیش کردی جاتی ہیں اور کتابوں کے اشتہارات انٹرنیٹ (Internet) پر بھی دستیاب ہیں بلکہ انٹرنیٹ پر سرچ انجن (Search Engine) کے ذریعہ تھوڑے سے معلوم data سے نئی کتابوں کی پوری تفصیل اسکرین (screen) پر آجاتی ہے اور اسی کے ساتھ ساتھ مطلوبہ کتاب گھر بیٹھے بیٹھے کچھ منٹوں میں خریدی جاسکتی ہے اور اس طرح تھوڑے سے وقت میں لاکھوں کتابیں بک جاتی ہیں۔

یہ بات تو عام طور پر سب جانتے ہیں کہ کبوتروں اور سانڈنی سواروں سے پیغام رسانی یا خبر رسانی تو بہت پرانی ہے لیکن یہ بات شاید کم ہی لوگوں کو معلوم ہوگی کہ انیسویں صدی کے آغاز میں کتابوں کی تشہیر کے لیے ڈھنڈورا پیٹا جاتا تھا یا ڈونڈی پھیری جاتی تھی یا ڈھنڈورچیوں کی مدد لی جاتی تھی جو گلی گلی، کوچہ کوچہ اور گھر گھر جا کر کتابیں بیچا کرتے تھے۔ جون ہرسٹ (John Hurst) نے لکھا ہے(۲):

> The practical way by which the native publisher, like Kishore, gets his publications before the public and secures a large sale is by the system of colpurtage. The drummers circulate through the country very industriously, and know just where to go in order to secure the largest and best patronage. They are very quiet in their methods. What successful book agent the world over does not know that too much talking is likely to spoil a sale?"

منشی نولکشور نے روایتی طریقوں کے ساتھ ساتھ کتابوں کی تشہیر کے لیے اپنے اخبار (اودھ اخبار) کا بھی سہارا لیا تاکہ اس کے ذریعہ عام لوگوں کی توجہ ان کی طرف مبذول کرائی

جاسکے۔ پروفیسر شاہ عبدالسلام (۳) لکھتے ہیں:

''اس پریس نے ۱۸۵۹ء میں 'اودھ اخبار' جاری کیا، دراصل یہ اخبار اسی پریس کا ایک اشتہاری جریدہ بھی تھا اور صحافت نگاری کا اعلیٰ نمونہ بھی۔''

پروفیسر شافع قدوائی (۴) نے 'اودھ اخبار' کے موادی تجزیہ یا content analysis میں کتابوں کے اشتہار سے متعلق واضح اشارہ کیا ہے:

'' ہفت روزہ 'اودھ اخبار' میں سرکاری اور غیر سرکاری اور خود مطبع نولکشور کے اشتہارات اہتمام سے شائع ہوتے تھے اور تقریباً پچیس فی صد space اشتہارات کے لیے مخصوص ہوتی تھی۔''

'اودھ اخبار' میں نئی کتابوں کے علاوہ ایسی کتابوں کے اشتہار بھی شائع ہوتے تھے جو طباعت کے مراحل میں تھیں۔ پروفیسر حنیف نقوی (۵) لکھتے ہیں:

''اودھ اخبار (یکم جنوری ۱۸۶۲ء) کے شمارے میں کلیات (غالب) کا اشتہار فارسی میں شائع ہوا ہے۔ کلیات کے اشتہار سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس وقت تک اس کی کتابت و طباعت کا کام شروع نہیں ہوا تھا۔ یہ اشتہار اخبار کے صفحہ اول پر چھاپا گیا ہے اور اس اشاعت سے متعلق تمام ممکنہ تفصیلات کو محیط ہے۔''

اس کے علاوہ منشی نولکشور نے کتابوں کی تشہیر کے لیے ایک طریقہ یہ بھی اختیار کیا کہ اپنے پریس کی کتابوں کے شروع یا آخر میں 'فہرست کتب' کے عنوان سے ایک دو صفحہ مخصوص کر دیے۔ اس صفحہ میں بھی جدت یہ تھی کہ اس میں صرف انھیں کتابوں کے نام درج کیے جاتے تھے جو اس کتاب کے موضوع سے متعلق ہوں۔ کبھی کبھی مختلف موضوعات کی کتابوں کے نام بھی درج ہوتے تھے۔ مثال کے طور پر اگر کسی شاعر کا دیوان ہے تو 'کتب دواوین اُردو و فارسی' کے عنوان سے دیوان اور شاعر کا نام، کاغذ کی قسم، قیمت وغیرہ جیسی معلومات فراہم کی جاتی تھیں۔ اس طرح

اس فہرست سے بخوبی اندازہ ہو جاتا تھا کہ اس موضوع سے متعلق کون کون سی کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔

منشی نولکشور پریس میں جس رفتار سے مختلف اور متنوع موضوعات پر مسلسل کتابیں شائع ہو رہی تھیں اس میں کتابوں کی تشہیر کے لیے مندرجہ بالا ذرائع غالباً ناکافی سمجھے گئے ہوں گے اور اسی لیے منشی نولکشور نے پریس کی تمام مطبوعات کے لیے 'فہرست مطول' کی شروعات کی، جس میں مختلف موضوعات اور زبانوں کے تحت مطبوعہ کتابوں کی فہرست پیش کی جاتی تھی جس سے معلوم ہو جاتا تھا کہ اس دوران کون کون سی کتابیں شائع ہوئی ہیں۔ اُردو میں 'فہرست مطول' کا تصور منشی نول کشور کی دین ہے اور اسے ان کی اولیات میں شمار کیا جانا چاہیے۔ اسٹارک کے مطابق (۶):

> "Given the sophisticated organization of the Nawal Kishore Press, where several departments dealt exclusively with marketing and distribution, it is no surprise that a publisher of NK's means was constantly concerned with developing more effective marketing strategies. Indeed he was among the first Indian publishers to bring out his own book list (Fihrist-e-Kutub). Regularly compiled by skilled calligraphers. This catalogue was distributed to wholesale traders, retailers and, on request, to private customers."

یہ طویل فہرستیں مطبع نول کشور سے ہر پانچویں سال چھپتی تھیں کیوں کہ اسٹارک (۷) نے لکھا ہے کہ سن ۱۸۷۴ء اور ۱۸۷۹ء کی فہرستیں انڈیا آفس کلکشن میں محفوظ ہیں اور نورانی (۸) نے ۱۸۹۰ء، ۱۹۰۵ء اور ۱۹۱۱ء کی فہرستوں کا حوالہ دیا ہے (پیش نظر فہرست ۱۸۹۶ء کی ہے)۔ آصفہ زمانی (۹) کے مطابق منشی نول کشور پریس میں اسی مقصد کے لیے شعبۂ اشتہارات بھی قائم کیا گیا۔ اس کے علاوہ نورانی (۱۰) اپنی کتاب میں 'عباس علی' کے بارے میں لکھتے ہیں:

''مطبع نول کشور سے تعلق رکھنے والے ماہر نستعلیق نگار کاتب تھے۔ انھوں نے 'اودھ اخبار' میں بھی کام کیا اور کتابیں بھی لکھتے رہے لیکن ان کا زیادہ وقت مطبع کی فہرست کتب لکھنے میں صرف ہوتا تھا کیوں کہ کتابیں بکثرت چھپنے کے باعث فہرستوں میں بار بار ترمیم و تنسیخ کا سلسلہ جاری رہتا تھا اور کئی قسم کی فہرستیں الگ الگ شائع ہوتی تھیں۔ اسی لیے متعدد کاتب اس کام پر مامور تھے۔ ان میں عباس علی کو نمایاں حیثیت حاصل تھی...''

پیش نظر 'فہرست کتب' جو کسی طرح جامع یا مکمل نہیں کہی جا سکتی، منشی نولکشور پریس کی ۱۸۹۶ء تک شائع ہونے والی کتابوں پر مشتمل ہے۔ اس فہرست میں کتابوں کی تعداد دو ہزار سے زائد ہے۔ اس فہرست کی اہمیت کا اندازہ اس سے بھی کیا جا سکتا ہے کہ یہ منشی نولکشور کی زندگی میں مرتب ہوئی اور نول کشور پریس کے قیام (۱۸۵۸ء) سے ان کی وفات (۱۸۹۵ء) تک شائع ہونے والی کتابوں کی فہرست ہے۔ اس فہرست سے قارئین کو بخوبی معلوم ہو جائے گا کہ اپنے چھتیس سالہ اشاعتی سفر میں منشی نولکشور نے کون کون سی زبانوں اور کون کون سے موضوعات پر کتابیں چھاپیں۔ 'فہرست کتب ۱۸۹۶ء' کے مشمولات اس طرح ہیں:

نام : فہرست کتب ۱۸۹۶ء

صفحات : ۱۰۶

سائز : ۱۰½x۷

اسی 'فہرست' کے آغاز میں صفحۂ اول پر 'شرائط معاملات' کی تفصیل درج ہے اور اسی صفحہ کے آخر میں 'اطلاع' کے عنوان سے لکھا ہے:

''اس کے قبل کی کُل فہرستیں منسوخ خیال کی جاویں۔''

اگلے صفحے پر 'فہرست کتب فن وار' کے عنوان سے چار کالم میں زبان کے لحاظ سے موضوعات کی فہرست پیش کی گئی ہے اور ہر صفحہ کا حوالہ دیا گیا ہے۔

'فہرست کتب کلاں مطبع منشی نولکشور، لکھنؤ و کانپور و لاہور لغایت ماہ اپریل ۱۸۹۶ء' عنوان کے تحت 'یادداشت شرائط معاملات'، 'خریداری عام'، 'خریداری تاجرانہ'، 'فرائض'، 'فرمائش طبع کتاب وغیرہ' اور 'قدیمی کتابوں کا شائع کرنا' کے تحت اعلان کیا گیا ہے کہ:

> ''مطبع اپنی ہمت سے مستعد ہو کر علماء فضلاء و عقلاء کی خدمت میں التماس کرتا ہے کہ قدماء کی ہر قسم کی تصنیفات کی اشاعت نہایت اہم کام و بہبودی عام سمجھ کر قلمی کتابوں کی فہرست و اپنی رائے زریں سے مطلع فرمائیں اور کتاب منقول عنہ بھی عطا کریں کہ نہایت حفاظت و اطمینان سے بعد طبع کے وہ منقول عنہ مع ایک جلد یا کئی جلد مطبوعہ کے ان کی خدمت میں شکریہ کے ساتھ واپس ہوگی۔''

اس اعلان سے معلوم ہوتا ہے کہ کمیاب قلمی نسخے یا مخطوطات شائع کرنے کا بھی باقاعدہ اہتمام تھا۔ قدیم کتب کے علاوہ 'جدید تالیفات کا اہتمام کرنا' اور دیگر تفصیلات درج ہیں۔

'ضمیمہ فہرست کتب کلاں' تین صفحات پر مشتمل ہے۔ اس میں کچھ کتابیں ایسی ہیں جن کا تعلق 'مطبوعۂ غیر' سے ہے یعنی یہ مطبع منشی نولکشور سے نہیں چھپی ہیں لیکن ان کتابوں کو مطبع سے حاصل کیا جا سکتا تھا اور اس کے بعد 'فہرست کتب مطبع منشی نولکشور' ہے۔ یہ فہرست دو کالم میں ہے۔ پہلا اور دوسرا کالم 'نام کتاب'، 'پیمانہ'، 'اجزا'، اور 'قیمت' پر مشتمل ہے۔ 'نام کتاب' کے تحت مصنف/مؤلف/مترجم کا نام، کہیں کہیں کتاب کے بارے میں مختصر تعارف، سن اشاعت، مجلد/غیر مجلد، کاغذ کی قسم وغیرہ درج ہیں۔ 'پیمانے' سے مراد عرض و طول باعتبار انچ (انچ) کے ہے۔ ذیل اطلاع و اصطلاح: (فہرست کتب۔ ۱۸۹۶ء) اور 'اجزا' سے مراد کتاب کے جزو یا ورق کی تعداد ہے۔ چوتھے کالم میں 'ارقام سیاقی' میں کتاب کی قیمت دی گئی ہے اور کہیں کہیں کاتب کا نام بھی درج ہے۔

اس فہرست میں بعض ایسی معلومات بھی ہیں جن سے اس فہرست کی افادیت و اہمیت

بڑھ جاتی ہے۔ مثال کے طور پر کاغذ کی بہت سی قسمیں درج ہیں:

- کاغذ گلابی / کاغذ گلابی گندہ
- کاغذ حنائی / کاغذ حنائی گندہ / کاغذ حنائی عمدہ
- کاغذ سفید / کاغذ سفید چکنا / کاغذ سفید ولایتی / کاغذ سفید ولایتی گندہ / کاغذ سفید معمولی / سفید اعلیٰ قسم کا کاغذ / کاغذ سفید رسی
- کاغذ آبی
- کاغذ بادامی
- کاغذ نارنجی
- کاغذ برون (brown)
- رنگین کاغذ پچ رنگہ
- کاغذ فاختائی

ایک ہی کتاب دو یا تین علیحدہ قسم کے کاغذوں پر چھاپی گئی ہے اور اس کی قیمت میں بھی فرق ہے۔ اسی طرح کتاب 'مع ٹیٹل / بلا ٹیٹل (title)، مجلد / غیر مجلد، مجلّد پارچہ دیسی / مجلّد پارچہ ولایتی، باتصویر / بلا تصویر، خطاطی میں جلی قلم، خفی قلم، متوسط قلم، واضح قلم، خوشخط / خوشخط واضح، بخط شکستہ، بخط نستعلیق' وغیرہ اصطلاحات استعمال کی گئی ہیں اور ایک ہی کتاب جلی اور خفی دونوں میں چھاپی گئی ہے اور ان کی قیمتوں میں بھی فرق ہے۔

فہرست کتب کے آخر میں 'فہرست کتب متعلقہ' ایجوکیشنل بک ڈپو برانچ منشی نولکشور لکھنؤ' کے تحت ان کتابوں کی فہرست پیش کی گئی ہے جو ''کتب خانہ سرکاری گورنمنٹ بک ڈپو الٰہ آباد مع اضافہ دیگر کتب سودمند تعلیم کتب خانہ مذکور الصدر الٰہ آباد سے مطبع منشی نولکشور لکھنؤ کو منتقل ہوا...'' اس فہرست میں حرف 'گ' سے گورنمنٹ پریس اور حرف 'غین' سے غیر مطبع اور حرف 'ن' سے مطبوعہ منشی نولکشور مراد ہے۔

'فہرست کتب ۱۸۹۶ء' میں بھی بعض کتابوں کے آگے 'مطبع غیر' یا 'مطبوعہ غیر' درج ہے۔

ان کتابوں کے نام چونکہ 'فہرست کتب ۱۸۹۶ء' میں درج ہیں اس لیے اشاریۂ کتب میں ایسی کتابوں کے آخر میں بریکٹ میں 'مطبوعۂ غیر' درج کیا گیا ہے۔

'فہرست کتب ۱۸۹۶ء' کے آخر میں 'تصحیح اغلاط کی فہرست' دی گئی ہے۔ پیش نظر فہرست میں ان اغلاط کی تصحیح کردی گئی ہے۔ متن ہٰذا میں بھی بعض اغلاط کی درستی کردی گئی ہے۔

اُردو میں عموماً مطبوعہ کتب کی فہرست سازی کی طرف کم کم ہی توجہ دی گئی ہے۔ مطبع منشی نولکشور سے متعلق جو فہرستیں مرتب ہوئی ہیں وہ خصوصاً ان کتابوں پر مبنی ہیں جو مختلف لائبریریوں یا ذاتی کتب خانوں میں موجود ہیں یا پھر مطبع نولکشور سے شائع شدہ کتب کے کسی خاص موضوع پر مشتمل ہیں (۱۱)۔

امیر حسن نورانی (۱۲) نے بھی مطبع منشی نولکشور کی کتابوں کی فہرست مرتب کی ہے۔ اس مرتب کردہ فہرست میں دو ہزار اکتالیس کتابوں کے نام، مصنفین رمؤلفین رمترجمین کے اسماء، کتاب کا سائز اور قیمت بھی درج کی گئی ہے۔ نورانی نے لکھا ہے کہ "یہ فہرست کتابوں کو دیکھ کر تیار کی گئی ہے..." جبکہ نورانی کی فہرست کا بغور مطالعہ کیا گیا تو بعض اغلاط ایسی نظر آئیں جو محلِ نظر ہیں مثلاً ایک ہی کتاب کا اندراج علیحدہ نمبر شمار کے تحت دو جگہوں پر درج ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نورانی نے جو دو ہزار اکتالیس کتابوں کی فہرست پیش کی ہے یہ تعداد صحیح نہیں۔ اسی طرح بعض مقامات پر مصنف کے نام میں بھی تسامح ہوا ہے۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف رمترجم	سائز	صفحات	زبان	قیمت
۱۷۰	احکام العیدین	مولانا محمد اسحاق دہلوی	۷ ½ x۱۱	۶۸	اُردو	-/۲۰
۲۳۵	احکام العیدین	مولانا محمد اسحاق دہلوی	۷ ¼ x۱۱	۶۸	اُردو	-/۲۰
۱۶۵	ادعیہ زیارت مدینہ	مولوی محمد احسن	۵½x۶½	۵۰	عربی	-/۱۰
۲۹۴	ادعیہ زیارت مدینہ	مولوی محمد احسن	۵½x۶½	۵۰	عربی	-/۱۰

۳۳۳	اصل اصول نحو	مولوی محمد حسن خاں	۶½x۱۰	۷۰	فارسی	۱۵/-
۳۵۸	اصل اصول نحو	مولوی محمد حسن خاں	۶½x۱۰	۷۰	فارسی	۱۵/-
۸۰۹	اصول برجستہ	مولانا عبدالحق دہلوی	۶½x۱۰	۵۸	فارسی	۲۰/-
۱۰۱۹	اصول برجستہ	مولانا عبدالحق دہلوی	۶½x۱۰	۵۸	فارسی	۱۰/-
۱۶۹	اظہار الحقیقت	نامعلوم	۷½x۱۱	۶۸	اُردو	۲۰/-
۲۳۳	اظہار الحقیقت	مولوی جعفر علی کسمنڈوی	۶½x۱۰	۳۲	اُردو	-
۸۱۳	انشائے مادھورام	مادھورام منشی دربار عالمگیری	۷½x۱۱	۶۸	فارسی	۳۰/-
۹۵۴	انشائے مادھورام	مادھورام، منشی عہد عالمگیری	۶½x۱۰	۶۸	-	-
۴۷۰	انیس الارواح	خواجہ معین الدین	۶½x۱۰	۴۰	فارسی	۱۲/-
۴۴۷	انیس الارواح	شاہ معین الدین چشتی	۶½x۱۰	۴۰	فارسی	۱۰/-
۱۱۸۴	انیس السیاحین ۳ حصے	منشی درگا پرشاد انسپکٹر اسکولس	۵½x۹	۳۲۶	اُردو	۵۰/-
۱۱۹۰	انیس السیاحین	منشی درگا پرشاد	۵½x۹	۳۲۶	اُردو	۵۰/-
۱۲۲۱	انیس السیاحین حصہ اول	راے درگا پرشاد	۵½x۹	۱۰۲	اُردو	۱۵/-
	انیس السیاحین حصہ دوم	راے درگا پرشاد	۵½x۹	۱۰۹	اُردو	۱۵/-
	انیس السیاحین حصہ سوم	راے درگا پرشاد	۵½x۹	۱۱۵	اُردو	۲۰/-
۱۴۱	بدائع منظوم ورقعہ	ملا ناظم علی رضا ہندی	۶½x۱۰	۶۰	فارسی	۱۲/-
۲۰۴	بدائع منظوم	ملا ناظم علی	۶½x۱۰	۶۰	فارسی	-
۷۵۹	پندنامہ عطار	فریدالدین عطار	۷½x۱۱	۲۸	فارسی	۱۰/-
۹۷۶	پندنامہ عطار	فریدالدین عطار	۷¼x۱۱	۲۴	-	-
۱۲۱۷	تاریخ حبیب الہٰ	مفتی محمد عنایت احمد	۷¼x۱۱	۲۰۴	اُردو	۴۵/-
۱۲۶۹	تاریخ حبیب الہٰ (سیرت محمدی)	مفتی عنایت احمد	۷¼x۱۱	۲۰۴	اُردو	۴۰/-

۱۳۲	تذکرۃ الجمعہ	مولوی عبدالسلام	۱۰×۶½	۲	فارسی	-/۱۰
۲۰۵	تذکرۃ الجمعہ	مولوی عبدالسلام	۱۰×۶½	۲۰	فارسی	نوٹ(۱)
۱۰۷۰	تذکرہ علمائے ہند	محمد عبدالشکور عرف رحمٰن علی	۱۰×۶½	۲۸۶	فارسی	-/۷۵
۱۱۰۳	تذکرہ علمائے ہند	مولوی رحمٰن علی	۱۰×۳	۳۰۰	فارسی	-/۸۰
۴۰	تفسیر سورۂ فاتحہ	مولوی اکرام الدین	۱۰×۶½	۶۴	اُردو	-/۲۰
۲۰۱	تفسیر سورۂ فاتحہ	مولوی اکرام الدین	۱۰×۶½	۶۴	اُردو	نوٹ
۱۲۰	چہاردہ مجلس دلپذیر	سید وزیر حسن خاں عابدی	۱۱×۷½	۳۲۰	اُردو	۱/۲۵
۵۰۱	چہاردہ مجلس دلپذیر	سید وزیر حسن	۱۱×۷¼	۳۰۰	اُردو	-/۷۵
۱۳۶	حقیقۃ الصلوٰۃ	مولانا قطب الدین خاں دہلوی	۱۱×۷¼	۴۴	اُردو	-/۵
۲۰۹	حقیقۃ الصلوٰۃ	مولوی قطب الدین دہلوی	۱۱×۷¼	۴۴	اُردو	نوٹ
۱۶۳	خلاصۃ الفرائض	مولوی نعیم اللہ فرنگی محلی	۱۱×۷½	۳۶	عربی	-/۱۲
۲۲۹	خلاصۃ الفرائض	مولوی محمد نعیم فرنگی محلی	۱۰×۶½	۳۶	عربی	نوٹ
۲۰۰	دوازدہ مجلس	مولوی وجیہہ الدین	۱۰×۶½	۳۴۶	اُردو	۱/۳۰
۱۲۹۳	دوازدہ مجلس	مولوی خیر الدین گوپاموی	۱۱×۷¼	۳۴۶	اُردو	-/۷۵
۴۲۰	رہبر راہ حق	حاجی زوار خاں	۱۱×۷¼	۲۲۶	اُردو	-/۶۰
۴۸۴	رہبر راہ حق	حاجی زردار خاں	۱۰×۶½	۲۰۰	اُردو	-/۶۰
۱۶۹	سراج السالکین					
	ترجمہ منہاج العارفین	مترجم مولوی محمد منیر	۱۰×۶½	۲۶۰	اُردو	-/۵۰
۴۸۶	//	مترجم مولوی محمد منیر	۱۰×۶½	۲۵۰	اُردو	-/۶۰
۹۱۳	سراج السیاق	منشی مینڈولال زار	۱۱×۷¼	۴۸	فارسی	-/۱۵
۱۹۳۲	سراج السیاق	-	-	-	-	-
۱۵۲	کشف الحاجۃ	مولوی نورالدین	۱۰×۶½	۱۰۰	اُردو	-/۲۰
۳۱۸	کشف الحاجۃ					

(۱) نورانی نے 'نوٹ' کے تحت لکھا ہے ''ان تمام چھوٹی کتابوں کی قیمت دس پیسے سے پچاس پیسے تک ہے اس لیے درج نہیں کی گئی''۔ ص-۲۴۱

	ترجمہ مالابدمنہ	مترجم مولوی نورالدین	۱۰×۶½	۱۰۰	اُردو	نوٹ
۱۳۲۴	کلیات آتش	حیدر علی آتش لکھنوی	۱۱×۷½	۲۶۰	اُردو	۵۰/-
۱۴۰۴	کلیات آتش	خواجہ حیدر علی آتش	۱۰×۶½	-	اُردو	۲۵/-
۲۶۹	گلزار جنت تفسیر	مولانا قطب الدین دہلوی	۱۰×۶½	۶۸	اُردو	نوٹ
۴۸۸	گلزار جنت	-----	۱۱×۷¼	۶۸	اُردو	۱۵/-
۲۷۰	گلزار خلیل	مولوی غلام امام شہید	۱۰×۶½	۶۴	اُردو	نوٹ
۴۸۹	گلزار خلیل	غلام امام شہید	۱۰×۶½	۶۴	اُردو	۱۵/-
۷۶۲	مثنوی شیخ بہلول	شیخ بہلول	۱۱×۷½	۳۰	فارسی	۵/-
۹۸۸	مثنوی شیخ بہلول	شیخ بہلول	۱۰×۶½	۳۰	-	-
۵۸۵	مجموعہ الفاظ الادویہ	حکیم نورالدین شیرازی	۱۱×۷¼	۵۱۰	فارسی	۱/-
۶۵۷	مجموعہ الفاظ الادویہ	حکیم نورالدین محمد عبداللہ	۱۱×۷¼	۵۱۰	فارسی	۱/-
۹۴۸	مفید نامہ	شاہ محمد	۱۰×۶½	۶۸	-	-
۱۹۳۳	مفید نامہ	-	-	-	ادب	-
۱۹۵۰	مفید نامہ	شاہ محمد	-	-	زبان	و ادب
۱۵۵	نامِ حق	مولانا شرف الدین بخاری	۱۰×۶½	۱۳	فارسی	۱۰/-
۲۱۹	نامِ حق	مولانا شرف الدین بخاری	۱۰×۶½	۱۳	فارسی	نوٹ
۹۰۶	نسخہ تعلیمیہ	مولوی عبدالعزیز آروی	۱۰×۶½	۲۴	فارسی	۵/-
۱۹۴۸	نسخہ تعلیمیہ	مولوی عبدالعزیز آروی	-		زبان	و ادب-

یہ بطور مشتے نمونہ از خروارے چند مثالیں ہیں جن سے اندازہ ہوتا ہے کہ مطبع منشی نولکشور کی مطبوعہ کتب کی ایسی فہرست مرتب کرنے کی ضرورت ہے جسے مکمل یا جامع کہا جا سکے۔ اس کے علاوہ نورانی کی فہرست کتب صرف عربی، فارسی، اُردو، انگریزی اور ہندی کتب پر مشتمل ہے جبکہ 'فہرست کتب ۱۸۹۶ء' میں ''کتب اُردو، کتب بخط ناگری، کتب بخط کیتھی، کتب اُردو کیتھی و مہاجنی، کتب انگریزی، کتب عربی، کتب بزبان فارسی، بخط بنگلہ، کتب بخط دیوناگری بھاشا، کتب

سنسکرت مع ترجمہ اُردو بخط فارسی، بخط گورمکھی، کتب ہندی"، ذولسانی اور سہ لسانی کتابیں مثلاً: "کتب سنسکرت و انگریزی، کتب سنسکرت و ہندی و انگریزی، کتب اُردو و ہندی و فارسی، کتب سنسکرت و ہندی، کتب عربی و اُردو" میں مختلف موضوعات پر کتابیں شامل ہیں۔ اس فہرست سے اندازہ ہوتا ہے کہ مطبع منشی نولکشور میں کون کون سی زبانوں اور کون کون سے موضوعات پر کتابیں شائع ہوئیں۔ ان تمام امور کو ذہن میں رکھتے ہوئے فہرست ہذا کی تالیف میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ یہ ہر اعتبار سے قابل استناد بھی ہو اور اہم تاریخی دستاویز بھی۔

طریق کار:

اس فہرست کی ترتیب میں درج ذیل امور کا خیال رکھا گیا ہے:

- جہاں اصل متن میں کوئی لفظ چھوٹ گیا ہے یا سہو کتابت ہے اُس کی قوسین میں تصحیح کردی گئی ہے۔
- بعض انگریزی ناموں کا انگریزی تلفظ حواشی میں درج کردیا ہے اور ماخذ کی نشاندہی کردی گئی ہے۔
- فہرست میں بعض سنسکرت اور ہندی کتب یا مصنفین رمولفین رمترجمین کے نام بھی مختلف طریقے سے لکھے گئے ہیں۔ مثال کے طور پر 'کوی' کے لیے 'کب'، 'ولاس' کے لیے 'بلاس' وغیرہ۔ صوتیاتی نقطۂ نظر سے 'وٗ' کا 'ب' میں بدل جانا عام بات ہے؛ اسی طرح بعض سنسکرت الفاظ کے آخر میں خفیف مصوتے کے لیے اُردو میں خفیف مصوتہ یعنی زیر زبر پیش استعمال نہیں کرتے مثلاً ربی (=روی) کی جگہ 'رب'، کبی (= کوی) کی جگہ 'کب' لکھا گیا ہے اب ایسے الفاظ کو طویل مصوتوں سے لکھا جاتا ہے چونکہ ان الفاظ کی قرأت میں دشواری ہوسکتی ہے اس لیے قوسین میں ان کی متداول صورت درج کردی گئی ہے۔
- فہرست ہذا میں بعض کتابوں کے مصنفین رمولفین رمترجمین کے نام نہیں لکھے گئے اور

کچھ کتابیں ایسی ہیں جن کے مصنفین کے نام معلوم ہیں لیکن درج ہونے سے رہ گئے ہیں۔ان میں سے کچھ کے نام مستند ماخذ کی مدد سے حواشی میں لکھ دیے گئے ہیں کیوں کہ نولکشور کی کتابیں اب کمیاب ہی نہیں نایاب ہیں۔ یہاں جن ماخذ سے مدد لی گئی ہے ان کی تفصیل اور مخففات درج ذیل ہیں:

۱۔ مختلف کتب خانوں اور ذاتی ذخیروں میں نول کشور کی مطبوعات

۲۔ فہرست کتب تجارتی مطبع نول کشور، ۱۹۱۱ء (=فہرست نول کشور ۱۹۱۱ء)

۳۔ مطبع نول کشور کی کتابوں میں منسلک اشتہار (=اشتہار)

۴۔ An Empire of Books: The Naval Kishore Press and The Diffusion of the Printed Word in Colonial India by Ulrike Stark, Permanent Black, 2007. (= Stark)

۵۔ سوانح منشی نول کشور: سید امیر حسن نورانی، خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ، ۱۹۹۵ء (=نورانی)

۶۔ فہرست کتابہای فارسی چاپ سنگی وکمیاب کتابخانۂ گنج بخش: مرتبہ سید عارف نوشاہی، مرکز تحقیقات فارسی ایران وپاکستان، اسلام آباد، جلد اول ودوم، ۱۹۸۹ء (=نوشاہی)

۷۔ From a list of English books in the *Prem Sagur* translated into English by Captain W. Hollings, printed at the Newul Kishore Press, English Branch, (=List in *Prem Sagur*)

۸۔ علوم دینیہ اور مطبع نول کشور: ظفر احمد صدیقی، ماہنامہ الرشاد، اعظم گڑھ، اگست و دسمبر ۱۹۸۱ء (=ظفر)

۹۔ مرکز تحقیقات فارسی، ایران کلچر ہاؤس، نئی دہلی (= مرکز)

سہولت کے لیے پیش نظر فہرست کے آخر میں اشاریۂ کتب واسماء بھی شامل ہے۔

اشاریۂ کتب میں ''فہرست کتب متعلقۂ ایجوکیشنل بک ڈپو برانچ مطبع منشی نولکشور لکھنؤ'' کی فہرست سے صرف حرف 'ن' یعنی مطبوعۂ 'نولکشور' کی کتابیں درج کی گئی ہیں اور ایسی کتابوں کے آخر میں بریکٹ میں 'ن' درج کر دیا گیا ہے۔

فہرست نول کشور میں کتابوں کی قیمت (آنہ، پائی) ارقام سیاقی میں درج ہے۔ اب چونکہ ان رقوم کو اس طرح لکھنے کا رواج نہیں رہا اس لیے متن کے شروع میں اس کی کلید دے دی گئی ہے۔

یہ فہرست کسی طرح سے بھی مکمل یا جامع نہیں ہے لیکن اس سے خصوصاً منشی نولکشور کی پالیسیاں، ان کا vision، وسیع النظری اور عموماً اس زمانے کے علمی و ادبی مزاج کو سمجھنے سمجھانے میں مدد ملتی ہے۔

ہم پروفیسر محمد ذاکر صاحب کے ممنون ہیں جنھوں نے اس کتاب کی تیاری کے دوران قدم قدم پر ہماری رہنمائی کی۔ ان کے کارآمد مشوروں سے ہمیں اس کام میں بڑی مدد ملی۔

ڈاکٹر علی رضا قزوہ (ڈائرکٹر، مرکز تحقیقات فارسی، ایران کلچر ہاؤس، نئی دہلی) کے ہم بطور خاص ممنون ہیں جن کی عنایت سے نولکشوری کتب تک رسائی ممکن ہو سکی اور اسی کے ساتھ عبدالرحمن قریشی صاحب کی علم دوستی کے بھی معترف ہیں۔

ڈاکٹر یونس جعفری، ڈاکٹر اسلم پرویز، پروفیسر رویندر گگیش، ڈاکٹر محمد فیروز، پروفیسر شہپر رسول، ڈاکٹر گوبند پرساد، ڈاکٹر گوتم چکرورتی اور ڈاکٹر احمد محفوظ کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے اس کتاب کی تکمیل میں طرح طرح ہماری مدد کی۔

ہم اپنے دوست مدھوکر تیواری جی کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے نولکشوری کتب کے ٹائٹلوں کے فوٹو scan کیے جو اس کتاب کی ترتیب میں بے انتہا اہم بلکہ کسی حد تک ناگزیر تھے۔

بھائی میاں (عبدالمغنی صاحب)، بھائی مسعود (مسعود غنی صاحب)، عبدالعزیز صاحب، کمال عبدالناصر اور جمال نے اس کتاب کی تیاری اور اشاعت میں ذاتی دلچسپی اور خصوصی

توجہ کی۔ ہم ان سب کے تہ دل سے شکر گزار ہیں۔

چندر شیکھر

عبدالرشید

ماخذ:

۱۔ 'The Big Ad World' by Rahul Chandra in The Times of India (Education Times), April 19, 2010.

۲۔ Hurst, John F. 1887. 'A Native Publishing House in India', Harper's New Monthly Magazine LXXV, June to November, in 'An Empire of Books : The Naval Kishore Press and The Diffusion of the Printed Word in Colonial India' by Ulrike Stark, Permanent Black, 2007. p. 197.

۳۔ 'منشی نولکشور کی اشاعتی خدمات' از پروفیسر شاہ عبدالسلام، مشمولہ 'نولکشور اور ان کا عہد' مرتبین: پروفیسر قاضی عبیدالرحمٰن ہاشمی/ڈاکٹر وہاج الدین علوی، شعبۂ اُردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی۔ ۲۰۰۴ء، ص ۱۱۲۔

۴۔ 'اودھ اخبار کی صحافتی خدمات': ڈاکٹر شافع قدوائی، مشمولہ 'نولکشور اور ان کا عہد'، ص ۹۳

۵۔ 'منشی نولکشور اور غالب': ڈاکٹر حنیف نقوی، مشمولہ نیا دور (منشی نولکشور نمبر)، نومبر، دسمبر ۱۹۸۰ء، ص ۱۱۶

۶۔ An Empire of Books: Ulrike Stark, 2007, p.198

۷۔ Ibid. p.200.

۸۔ 'سوانح منشی نولکشور': سید امیر حسن نورانی، خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ، ۱۹۹۵ء، ص ۳۲۵

۹۔ 'منشی نولکشور — ایک باصلاحیت منتظم کار': پروفیسر آصف زمانی، مشمولہ 'نولکشور اور ان کا عہد'

ص ۱۷۷

۱۰۔ منشی نولکشور اور ان کے خطاط و خوشنویس : از امیر حسن نورانی، ترقی اُردو بیورو، نئی دہلی، ۱۹۹۴ء، ص ۸۵

۱۱۔ (الف) نیادور (منشی نولکشور نمبر) نومبر، دسمبر ۱۹۸۰ء

(i) مطبع نولکشور کا اسلامی لٹریچر: حکیم عبدالقوی دریابادی، ص ۸۴-۸۶

(ii) ہندو۔عیسائی۔سکھ لٹریچر اور نولکشور پریس: شہنشاہ مرزا، ص ۸۷-۸۹

(iii) لغت نویسی اور مطبع نولکشور: ڈاکٹر چودھری ثروت علی، ص ۹۰-۹۴

(iv) منشی نولکشور اور فارسی ادب: پروفیسر امیر حسن عابدی، ص ۹۸-۱۰۰

(ب) 'نول کشور اور ان کا عہد': شعبۂ اُردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ:

(i) ہندوستانی ادب کے انگریزی تراجم اور مطبع نولکشور: ڈاکٹر سہیل احمد فاروقی، ص ۱۳۶-۱۳۹

(ii) 'عربی اور اسلامیات کی کتابوں کے تحفظ میں منشی نولکشور کی خدمات': پروفیسر نثار احمد فاروقی، ص ۱۴۰-۱۴۵

(iii) مطبع نولکشور اور کتب تفسیر وحدیث وفقہ کی اشاعت: پروفیسر ڈاکٹر محمد یٰسین مظہر صدیقی، ص ۱۴۶-۱۶۵

(iv) مطبع نولکشور اور قرآن کریم کی اشاعت: ڈاکٹر محمد سعود عالم قاسمی، ص ۱۶۶-۱۷۴

(ج) 'علوم دینیہ اور مطبع نولکشور': ڈاکٹر ظفر احمد صدیقی، ماہنامہ الرشاد، اعظم گڑھ، اگست و دسمبر ۱۹۸۱ء

۱۲۔ سوانح منشی نولکشور، ص ۲۳۰ تا ۳۲۲

کلید

ماخوذ از

'معلم الحساب'

معروف بہ

'مکتب نامہ'

مطبع مجیدی، کانپور، ۱۹۲۴ء

کرتے ہیں اب بیان سے آنہ اور پائی کا حساب کیا جاتا ہے جاننا چاہئے کہ سولہ آنے کا ایک روپیہ ہوتا ہے اور چار پائی کا ایک آنہ ہوتا ہے چنانچہ پندرہ آنے تک آنہ لکھتے ہیں اور بعد اُسکے پھر روپیہ کا حساب ہوتا ہے اور آنہ پائی لکھنے کی صورت یہ ہے

مثال اُسکی

پاؤ آنہ	ــر	آدھ آنہ	ــمر	پون آنہ	ــشر	ایک آنہ	ار	سوا آنہ	ــلر	ڈیڑھ آنہ	ا٫ر
ڈھائی آنہ	۲لر	دو آنہ	۲ر	تین آنہ	۳ر	چار آنہ	۴ر	پانچ آنہ	۵ر	چھ آنہ	۶ر
سات آنہ	۷ر	آٹھ آنہ	۸ر	نو آنہ	۹ر	دس آنہ	۱۰ر	گیارہ آنہ	۱۱ر	بارہ آنہ	۱۲ر
تیرہ آنہ	۱۳ر	چودہ آنہ	۱۴ر	پندرہ آنہ	۱۵ر	ایک روپیہ	عہ	ایک روپیہ ایک آنہ	عہ ار	دو روپیہ دو آنہ	عہ ۲ر

قانون دوسرا: نتیج دریافت کرنے ہندسہ اور رقم کے معلوم کیا چاہئے کہ ہندسہ فقط مراد گنتی سے ہے اور رقم مخصوص ہے واسطے روپیہ کے یعنی رقم مراد روپیہ سے ہے لیکن اکثر جگہ پر اہل سیاق واسطے اختلاف صورت کے رقم استعمال میں لاتے ہیں مثلاً تولہ اور ماشہ تو رقم میں اور ماشہ ہندسہ میں خواہ من اور سیر من رقم میں اور سیر ہندسہ میں اسیطرح درعہ رقم میں اور گرہ ہندسہ میں اور ٹکے رقم میں اور ادھی دمڑی ہندسہ میں خلاصہ یہ کہ جو جنس زیادہ ہو رقم میں اور جو جنس کم ہو ہندسہ میں جسطرح مثال ہر ایک کی لکھی گئی ہیں سے لکھے۔

بیان اعداد اُردو فارسی وعربی وانگریزی کا مع ارقام ہندی وسیاقی وانگریزی

تفصیل اعداد کی ایک سے آٹھ تک

اعداد اُردو	اعداد فارسی	اعداد عربی	اعداد انگریزی	ارقام ہندی	ارقام سیاقی	ارقام انگریزی
ایک	یک	احد	ون	۱	عہ ر	1
دو	دو	اثنان	ٹو	۲	عا ر	2
تین	سہ	ثلثہ	تھری	۳	سے ر	3
چار	چہار	اربعۃ	فور	۴	للعہ ر	4
پانچ	پنج	خمستہ	فایو	۵	ھہ ر	5
چھ	شش	ستۃ	سکس	۶	سے ر	6
سات	ہفت	سبعۃ	سیون	۷	معہ ر	7
آٹھ	ہشت	ثمانیۃ	ایٹ	۸	ہے ر	8

تفصیل اعداد کی نو سے چونتیس تک						
اعداد اردو	اعداد فارسی	اعداد عربی	اعداد انگریزی	ارقام ہندی	ارقام سیاقی	ارقام انگریزی
نو	نہ	تسعۃ	نائن	۹	لعہ ر	9
دس	دہ	عشرۃ	ٹین	۱۰	عہ ر	10
گیارہ	یازدہ	احد عشر	الیون	۱۱	لعہ	11
بارہ	دوازدہ	اثنا عشر	ٹویلو	۱۲	ععہ	12
تیرہ	سیزدہ	ثلثۃ عشر	تھرٹین	۱۳	عہ	13
چودہ	چاردہ	اربعۃ عشر	فورٹین	۱۴	للعہ ر	14
پندرہ	پانزدہ	خمسۃ عشر	ففٹین	۱۵	وعہ ر	15
سولہ	شانزدہ	ستۃ عشر	سکسٹین	۱۶	عہ ر	16
سترہ	ہفتدہ	سبعۃ عشر	سون ٹین	۱۷	معہ ر	17
اٹھارہ	ہیجدہ	ثمانیۃ عشر	ایٹ ٹین	۱۸	معہ ر	18
انیس	نوزدہ	تسعۃ عشر	نائن ٹین	۱۹	لوعہ ر	19
بیس	بست	عشرون	ٹونٹی	۲۰	عہ ر	20
اکیس	بست یک	احد عشرون	ٹونٹی ون	۲۱	لعہ	21
بائیس	بست ودو	اثنان وعشرون	ٹونٹی ٹو	۲۲	ععہ	22
تیئیس	بست وسہ	ثلثۃ وعشرون	ٹونٹی تھری	۲۳	معہ	23
چوبیس	بست وچہار	اربعۃ وعشرون	ٹونٹی فور	۲۴	للوعہ	24
پچیس	بست وپنج	خمسۃ وعشرون	ٹونٹی فائیو	۲۵	وعہ	25
چھبیس	بست وشش	ستۃ وعشرون	ٹونٹی سکس	۲۶	عہ	26
ستائیس	بست وہفت	سبعۃ عشرون	ٹونٹی سون	۲۷	معہ	27
اٹھائیس	بست وہشت	ثمانیۃ وعشرون	ٹونٹی ایٹ	۲۸	معہ	28
انتیس	بست ونہ	تسعۃ عشرون	ٹونٹی نائن	۲۹	لوعہ	29
تیس	سی	ثلثون	تھرٹی	۳۰	سہ	30
اکتیس	سی ویک	احد وثلثون	تھرٹی ون	۳۱	لسہ	31
بتیس	سی ودو	اثنان وثلثون	تھرٹی ٹو	۳۲	عسہ	32
تینتیس	سی وسہ	ثلثۃ وثلثون	تھرٹی تھری	۳۳	سہ	33
چونتیس	سی وچہار	اربعۃ وثلثون	تھرٹی فور	۳۴	للوسہ	34

تفصیل اعداد کی پینتیس سے ساٹھ تک

اعداد اردو	اعداد فارسی	اعداد عربی	اعداد انگریزی	ارقام ہندسہ	ارقام سیاقی	ارقام انگریزی
پینتیس	سی و پنج	خمسۃ وثلثون	تھرٹی فائیو	۳۵	دسہ	35
چھتیس	سی و شش	ستۃ وثلثون	تھرٹی سکس	۳۶	سہ	36
سینتیس	سی و ہفت	سبعۃ وثلثون	تھرٹی سون	۳۷	معسہ	37
اڑتیس	سی و ہشت	ثمانیۃ وثلثون	تھرٹی ایٹ	۳۸	مسہ	38
انتالیس	سی و نہ	تسعۃ وثلثون	تھرٹی نائن	۳۹	لوسہ	39
چالیس	چہل	اربعون	فارٹی	۴۰	للعہ	40
اکتالیس	چہل و یک	احد واربعون	فارٹی ون	۴۱	اللعہ	41
بیالیس	چہل و دو	اثنان واربعون	فارٹی ٹو	۴۲	عللعہ	42
تینتالیس	چہل و سہ	ثلثۃ واربعون	فارٹی تھری	۴۳	للعہ	43
چوالیس	چہل و چہار	اربعۃ واربعون	فارٹی فور	۴۴	للوللعہ	44
پینتالیس	چہل و پنج	خمسۃ واربعون	فارٹی فائیو	۴۵	دللعہ	45
چھیالیس	چہل و شش	ستۃ واربعون	فارٹی سکس	۴۶	للعہ	46
سینتالیس	چہل و ہفت	سبعۃ واربعون	فارٹی سون	۴۷	معللعہ	47
اڑتالیس	چہل و ہشت	ثمانیۃ واربعون	فارٹی ایٹ	۴۸	سللعہ	48
انچاس	چہل و نہ	تسعۃ واربعون	فارٹی نائن	۴۹	لوللعہ	49
پچاس	پنجاہ	خمسون	ففٹی	۵۰	صہ	50
اکاون	پنجاہ و یک	احد وخمسون	ففٹی ون	۵۱	اصہ	51
باون	پنجاہ و دو	اثنان وخمسون	ففٹی ٹو	۵۲	عصہ	52
ترپن	پنجاہ و سہ	ثلثۃ وخمسون	ففٹی تھری	۵۳	سصہ	53
چون	پنجاہ و چہار	اربعۃ وخمسون	ففٹی فور	۵۴	للصہ	54
پچپن	پنجاہ و پنج	خمسۃ وخمسون	ففٹی فائیو	۵۵	دصہ	55
چھپن	پنجاہ و شش	ستۃ وخمسون	ففٹی سکس	۵۶	صہ	56
ستاون	پنجاہ و ہفت	سبعۃ وخمسون	ففٹی سون	۵۷	معصہ	57
اٹھاون	پنجاہ و ہشت	ثمانیۃ وخمسون	ففٹی ایٹ	۵۸	مصہ	58
انسٹھ	پنجاہ و نہ	تسعۃ وخمسون	ففٹی نائن	۵۹	لوصہ	59
ساٹھ	شصت	ستون	سکسٹی	۶۰	سہ	60

تفصیل اعداد کی اکسٹھ سے چھیاسی تک						
اعداد اردو	اعداد فارسی	اعداد عربی	اعداد انگریزی	ارقام ہندسی	ارقام سیاقی	ارقام انگریزی
اکسٹھ	شصت و یک	احد و ستون	سکسٹی ون	۶۱	ا سبعہ	61
باسٹھ	شصت و دو	اثنان و ستون	سکسٹی ٹو	۶۲	عہ سبعہ	62
ترسٹھ	شصت و سہ	ثلثۃ و ستون	سکسٹی تھری	۶۳	سہ سبعہ	63
چونسٹھ	شصت و چہار	اربعۃ و ستون	سکسٹی فور	۶۴	للعہ سبعہ	64
پینسٹھ	شصت و پنج	خمسۃ و ستون	سکسٹی فایو	۶۵	ہ سبعہ	65
چھیاسٹھ	شصت و شش	ستۃ و ستون	سکسٹی سکس	۶۶	سبعہ	66
سڑسٹھ	شصت و ہفت	سبعۃ و ستون	سکسٹی سون	۶۷	معہ سبعہ	67
اڑسٹھ	شصت و ہشت	ثمانیۃ و ستون	سکسٹی ایٹ	۶۸	مہ سبعہ	68
انہتر	شصت و نہ	تسعۃ و ستون	سکسٹی نائن	۶۹	لعہ سبعہ	69
ستر	ہفتاد	سبعون	سونٹی	۷۰	معہ	70
اکہتر	ہفتاد و یک	احد و سبعون	سونٹی ون	۷۱	ا معہ	71
بہتر	ہفتاد و دو	اثنان و سبعون	سونٹی ٹو	۷۲	عہ معہ	72
تہتر	ہفتاد و سہ	ثلثۃ و سبعون	سونٹی تھری	۷۳	سہ معہ	73
چوہتر	ہفتاد و چہار	اربعۃ و سبعون	سونٹی فور	۷۴	للعہ معہ	74
پچہتر	ہفتاد و پنج	خمسۃ و سبعون	سونٹی فایو	۷۵	ہ معہ	75
چھہتر	ہفتاد و شش	ستۃ و سبعون	سونٹی سکس	۷۶	ی معہ	76
ستتر	ہفتاد و ہفت	سبعۃ و سبعون	سونٹی سون	۷۷	معہ معہ	77
اٹھتر	ہفتاد و ہشت	ثمانیۃ و سبعون	سونٹی ایٹ	۷۸	مہ معہ	78
اناسی	ہفتاد و نہ	تسعۃ و سبعون	سونٹی نائن	۷۹	لعہ معہ	79
اسی	ہشتاد	ثمانون	ایٹی	۸۰	مہ	80
اکاسی	ہشتاد و یک	احد و ثمانون	ایٹی ون	۸۱	ا مہ	81
بیاسی	ہشتاد و دو	اثنان و ثمانون	ایٹی ٹو	۸۲	عہ مہ	82
تراسی	ہشتاد و سہ	ثلثۃ و ثمانون	ایٹی تھری	۸۳	سہ مہ	83
چوراسی	ہشتاد و چہار	اربعۃ و ثمانون	ایٹی فور	۸۴	للعہ مہ	84
پچاسی	ہشتاد و پنج	خمسۃ و ثمانون	ایٹی فایو	۸۵	ہ مہ	85
چھیاسی	ہشتاد و شش	ستۃ و ثمانون	ایٹی سکس	۸۶	ی مہ	86


			تفصیل اعداد کی ستاسی سے چار ہزار تک			
اعداد اردو	اردو فارسی	اعداد عربی	اعداد انگریزی	ارقام ہندسی	ارقام سیاقی	ارقام انگریزی
ستاسی	ہشتاد و ہفت	سبعۃ وثمانون	ایٹی سون	۸۷	مـ لسه	87
اٹھاسی	ہشتاد و ہشت	ثمانیۃ وثمانون	ایٹی ایٹ	۸۸	مـ سه	88
نواسی	ہشتاد و نہ	تسعۃ وثمانون	ایٹی نائن	۸۹	لع لسه	89
نوے	نود	تسعون	نائن ٹی	۹۰	لعه	90
اکانوے	نود و یک	احد وتسعون	نائن ٹی ون	۹۱	ا لعه	91
بانوے	نود و دو	اثنان وتسعون	نائن ٹی ٹو	۹۲	ع لعه	92
ترانوے	نود و سہ	ثلثۃ وتسعون	نائن ٹی تھری	۹۳	ـ لعه	93
چورانوے	نود و چہار	اربعۃ وتسعون	نائن ٹی فور	۹۴	لل لعه	94
پچانوے	نود و پنج	خمسۃ وتسعون	نائن ٹی فایو	۹۵	ھ لعه	95
چھیانوے	نود و شش	ستۃ وتسعون	نائن ٹی سکس	۹۶	لعه	96
ستانوے	نود و ہفت	سبعۃ وتسعون	نائن ٹی سون	۹۷	مـ لعه	97
اٹھانوے	نود و ہشت	ثمانیۃ وتسعون	نائن ٹی ایٹ	۹۸	مـ لعه	98
ننانوے	نود و نہ	تسعۃ وتسعون	نائن ٹی نائن	۹۹	لع لعه	99
سو	صد	مائۃ	ون ہنڈرڈ	۱۰۰	مار	100
دو سو	دو صد	مائتان	ٹو ہنڈرڈ	۲۰۰	مار ر	200
تین سو	سہ صد	ثلث مائۃ	تھری ہنڈرڈ	۳۰۰	سار	300
چار سو	چہار صد	اربع مائۃ	فور ہنڈرڈ	۴۰۰	اکمار	400
پانچ سو	پانصد	خمس مائۃ	فایو ہنڈرڈ	۵۰۰	ھار	500
چھ سو	ششصد	ست مائۃ	سکس ہنڈرڈ	۶۰۰	سار	600
سات سو	ہفت صد	سبع مائۃ	سون ہنڈرڈ	۷۰۰	لمار	700
آٹھ سو	ہشت صد	ثمان مائۃ	ایٹ ہنڈرڈ	۸۰۰	لمار	800
نو سو	نہصد	تسع مائۃ	نائن ہنڈرڈ	۹۰۰	عار	900
ایک ہزار	یک ہزار	الف	ون تھوزنڈ	۱۰۰۰	الف	1000
دو ہزار	دو ہزار	الفان	ٹو تھوزنڈ	۲۰۰۰	اعـ	2000
تین ہزار	سہ ہزار	ثلثۃ آلاف	تھری تھوزنڈ	۳۰۰۰	سمـ	3000
چار ہزار	چہار ہزار	اربعۃ آلاف	فور تھوزنڈ	۴۰۰۰	للعمـ	4000

اعداد اردو	اعداد فارسی	اعداد عربی	اعداد انگریزی	ارقام ہندی	ارقام سیاقی	ارقام انگریزی
تفصیل اعداد کی پانچہزار سے ایک لاکھ تک						
پانچہزار	پنجہزار	خمسۃ آلاف	فایو تھوزنڈ	٥٠٠٠	[illegible]	5000
چھہ ہزار	ششش ہزار	ستۃ آلاف	سکس تھوزنڈ	٦٠٠٠	[illegible]	6000
سات ہزار	ہفت ہزار	سبعۃ آلاف	سون تھوزنڈ	٧٠٠٠	[illegible]	7000
آٹھ ہزار	ہشت ہزار	ثمانیۃ آلاف	ایٹ تھوزنڈ	٨٠٠٠	[illegible]	8000
نو ہزار	نہ ہزار	تسعۃ آلاف	نائن تھوزنڈ	٩٠٠٠	[illegible]	9000
دس ہزار	دہ ہزار	عشرۃ آلاف	ٹن تھوزنڈ	١٠٠٠٠	[illegible]	10000
بیس ہزار	بست ہزار	عشرون الفا	ٹوئنٹی تھوزنڈ	٢٠٠٠٠	[illegible]	20000
تیس ہزار	سی ہزار	ثلثون الفا	تھرٹین تھوزنڈ	٣٠٠٠٠	[illegible]	30000
چالیس ہزار	چہل ہزار	اربعون الفا	فارٹی تھوزنڈ	٤٠٠٠٠	[illegible]	40000
پچاس ہزار	پنجاہ ہزار	خمسون الفا	ففٹی تھوزنڈ	٥٠٠٠٠	[illegible]	50000
ساٹھ ہزار	شصت ہزار	ستون الفا	سکسٹی تھوزنڈ	٦٠٠٠٠	[illegible]	60000
ستر ہزار	ہفتاد ہزار	سبعون الفا	سونٹی تھوزنڈ	٧٠٠٠٠	[illegible]	70000
اسی ہزار	ہشتاد ہزار	ثمانون الفا	ایٹی تھوزنڈ	٨٠٠٠٠	[illegible]	80000
نوے ہزار	نود ہزار	تسعون الفا	نائن ٹی تھوزنڈ	٩٠٠٠٠	[illegible]	90000
سو ہزار	یک لک	مائۃ الف	ہنڈرڈ تھوزنڈ	١٠٠٠٠٠	لک	100000

جاننا چاہئے کہ ہندسوں میں جو نقطے دیئے ہیں انکو ہندی میں سن کہتے ہیں اور فارسی میں صفر اور اسکا حساب یہ ہے کہ سن کو ایک دہا کا جانے اسطرح جتنے سن ہوں ہر سن ایک دہا کا بڑھاتا چلا جاوے۔



اسی طرح پر جتنے نقطے دیئے ہوں ہر نقطہ ایک دہا کا بڑہاتا چلا جاوی اور اگر حساب دہاکوں کا نہ لکھا ہو فقط اکارے ہوں یعنے ہندسے فقط لکھے تو اسکی یہ صورت ہے۔ **مثال**



فہرست کتبخانہ تجارتی مطبع منشی نولکشور لکھنؤ و کانپور و لاہور

جسمین عموماً ذخیرہ جملہ علوم و فنون کی کتابین کا شمل عربی - فارسی - ترکی - اردو بھاشا سنسکرت مع ٹیکا بھاشا بخط دیوناگری و گورمکھی و انگریزی قابل قدر و الی شائقان موجود ہو - اور بعض کتب انگریزی کے ترجمے بھی قابل ملاحظہ ناظرین ہین

تفصیل

مصاحف بے بہا یعنی قرآن و حمائل شریف ہر قسم - تفسیر قرآن شریف اصول تفسیر - حدیث شریف - فقہ - اصول فقہ علم کلام علم فرائض - متفرقات دینیہ - کتب متعلقہ مذہب امامیہ - کتب متعلقہ مذہب ہنود ہر قسم - طب مختص بعلاج انسان طب مختص بہ علاج بہائم و طیور - کتب لغت مختص مفردات طب - کتب لغت عربی و فارسی وغیرہ - علم حکمت - علم ادب - علم ریاضی - علم منطق - علم مناظرہ - علم نحو - علم صرف - کتب مباحثہ سنی و شیعہ - رمل و جفر - قواعد صرف و نحو ترکی زبان - علم عروض و قافیہ - قواعد صرف و نحو نظم - مجموعات نایاب نامہ - علم نجوم - علم اخلاق و تصوف - قواعد ابتدائی تعلیمی برائے درس اطفال - قواعد فارسی و اصول سیاق - فن خوشنویسی - کلیات و دواوین و قصائد - تذکرہ ہای شعرا - قصص نظم و درسی وغیرہ - قصص نثر درسی وغیرہ - منشآت ہر قسم - تواریخ - مثنویات - واسوخت - کتب تعلیم نسوان - کتب متعلقہ سررشتہ تعلیم - قانون - اشتہار چھاپی اودھ اخبار - اشتہارات فروخت آلات ہر قسم چھاپہ وغیرہ - اشتہار کاغذ سادہ چھاپنے و لکھنے کا - اشتہار ادویات آبرو وغیرہ - اشتہار عرق بید مشک - اشتہار پارچہ جلد بندی - اشتہار سلیٹ و کھنا لگی ہوئی ہر قسم - اشتہار جلد بندی کتب

اور

شرائط معاملات مین شرح کمیشن بتفصیل ذیل درج ہے

[illegible] سے [illegible] تک فیصدی [illegible] - اور [illegible] سے [illegible] تک فیصدی [illegible] - [illegible] سے [illegible] تک فیصدی [illegible] [illegible] تک فیصدی [illegible] - [illegible] سے [illegible] تک فیصدی [illegible] - [illegible] سے [illegible] تک فیصدی [illegible] - اور کتب انگریزی مین [illegible] سے زائد کے لیے فیصدی [illegible] - اور سررشتہ تعلیم مستعملہ کتب کے لیے علحدہ شرائط کمیشن وغیرہ مندرج فہرست کتب تعلیم مین

و نیز مجلد بلا وصلیات و بالوصلیات خالص پر کمیشن کچھ نہین ہے

ماہ جون سنہ [illegible]ء

مطبع منشی نولکشور واقع لکھنؤ حضرت گنج

اطلاع اس سے قبل کی کل فہرستین منسوخ خیال کیا وین -
ہر ایک خریدار کو در صورت بھیجنے پتہ کے یہ فہرست بلا قیمت مرسل ہوگی -

فہرست

کتب مطبع منشی نول کشور واقع لکھنؤ

نام کتاب	پیمانہ	اجزا	قیمت
کتب قوانین متعلقۂ فوجداری			
(اردو)			
مجموعۂ قوانین تعزیرات ہند یعنی ایکٹ ۴۵ ۱۸۶۰ء مع ترمیم گورنمنٹ بنظر ثانی و اضافہ ایکٹ ۶ ۱۸۶۲ء و ایکٹ ۱۸۶۷ء و فہرست جرائم مندرجہ وار مرتبہ بابو داسو دہاس مرحوم مع ترمیمات	[illegible]	[illegible]	عہ
مجموعۂ قوانین تعزیرات ہند یعنی ایکٹ ۴۵ ۱۸۶۰ء مع اضافہ ترمیم شدہ تقطیع خورد	[illegible]	[illegible]	[illegible]
مفید العدالت - جس میں نہایت توضیح سے ترتیب وار دفعات تعزیرات ہند کی شرح ایسی خوبی سے کہ جدول ضمیمہ ایکٹ ۱۸۶۰ء میں ہر دفعہ کو پوری عبارت سے داخل کیا اور اختیار حکام و تشریحات و مستثنیات و قرائن جرائم و سزا و ضروری امور کے بیان سے مقدمے کو آخر تک ختم کر دیا مؤلفہ جناب سید غلام حیدر خان صاحب سب جج پنشنر ملک اودھ اور بوجہ تمام قدردانی کے بحصول حق طبع بار چہارم ۱۸۸۶ء تین طبع ہوئی۔	[illegible]	[illegible]	[illegible]
خلاصۂ نظائر دفعہ وار تعزیرات ہند - ابتدائے سلطنت ۱۸۶۲ء سے نہایت ۱۸۹۰ء نظائر مندرجہ ویکلی رپورٹ و رپورٹ ہائے ہر سہ کورٹ چیف کورٹ پنجاب و انڈین لا رپورٹ ہر سہ پریزیڈنسی و دیگر نوٹس ۱۸۹۰ء مرتبہ جناب بابو رام سنگھ صاحب وکیل کانپور۔	[illegible]	[illegible]	[illegible]
قواعد فوجداری سنٹرل پراونس مجریہ ۱۸۹۳ء	[illegible]	[illegible]	۱۴
مجموعۂ ضابطۂ فوجداری - یعنی ایکٹ نمبر ۱۰ ۱۸۸۲ء و ایکٹ نمبر ۱۰ ۱۸۸۶ء مع نظائر و احکام و سرکلرات جوڈیشل کمشنری اودھ - مؤلفہ سید غلام حیدر خان صاحب۔	[illegible]	[illegible]	[illegible]
مجموعۂ ضابطۂ فوجداری یعنی ایکٹ ۱۸۸۲ء مع دیباچہ سکرٹری صاحب جوڈیشل کمشنر اودھ مرتبہ پنڈت کشن لال صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ۔	[illegible]	[illegible]	[illegible]
مجموعۂ ضابطۂ فوجداری یعنی ایکٹ ۱۸۸۲ء ترمیم شدہ نہایت جنوری ۱۸۹۰ء مع خلاصہ فہرست	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ایکٹ نمبر ۵ ۱۸۷۱ء - قیدیان	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ایکٹ نمبر ۱۲ - ۱۸۹۰ء مزدوران کارگاہ ...			

فہرست کتب خانہ تجارتی مطبع منشی نولکشور لکھنؤ و کانپور و لاہور

جس میں عموماً ذخیرہ جملہ علوم وفنون کی کتابوں کا مثل عربی، فارسی، ترکی، اُردو بھاشا، سنسکرت مع ٹیکا بھاشا بخط دیوناگری و گورمکھی و انگریزی قابل قدردانی شائقان موجود ہے اور بعض کتب انگریزی کے ترجمے بھی قابل ملاحظہ ناظرین ہیں۔

تفصیل

مصاحف بے بہا یعنی قرآن وحمائل شریف ہر قسم۔ تفسیر قرآن شریف، اصول تفسیر، حدیث شریف، فقہ، اصول فقہ، علم کلام، علم فرائض، متفرقات دینیہ، کتب متعلقۂ مذہب امامیہ، کتب متعلقۂ مذہب ہنود ہر قسم، طب مختص بہ علاج انسان، طب مختص بہ علاج بہائم وطیور، کتب لغت مختص بہ مفردات طب، کتب لغت عربی و فارسی وغیرہ، علم حکمت، علم ادب، علم ریاضی، علم منطق، علم مناظرہ، علم نحو، علم صرف، کتب مباحثہ سنی و شیعہ، رمل و جفر، قواعد صرف ونحو ترکی زبان، قواعد علم عروض و قافیہ، قواعد صرف ونحو، نظم مجموعات نایاب زمانہ، علم نجوم، علم اخلاق و تصوف، قواعد ابتدائی تعلیمی برائے درس اطفال، قواعد فارسی و اصول سیاق، فن خوشنویسی، کلیات و دواوین و قصائد، تذکرہ ہائے شعرا، قصص نظم درسی وغیرہ، قصص نثر درسی وغیرہ، منشآت ہر قسم، تواریخ، مثنویات، واسوخت، کتب تعلیم نسواں، کتب متعلقۂ سررشتۂ تعلیم، قانون، اشتہار چھپائی اودھ اخبار، اشتہارات فروخت آلات ہر قسم چھاپہ وغیرہ، اشتہار کاغذ سادہ چھاپنے و لکھنے کا، اشتہار ادویات آمدۂ یورپ وغیرہ، اشتہار عرق بید مشک، اشتہار

پارچہ جلد بندی، اشتہار سلیٹ چوکھٹا لگی ہوئی ہر قسم، اشتہار جلد بندی کتب

اور

شرائط معاملات میں شرح کمیشن بتفصیل درج ہے۔

[illegible] سے [illegible] تک فیصدی [illegible] اور [illegible] سے [illegible] تک فیصدی [illegible]۔ [illegible] سے [illegible] تک فیصدی ۲۵ [illegible]۔ [illegible] ۲۶ سے ۵۰ [illegible] تک فیصدی ۳۰ [illegible]۔ ۵۱ [illegible] سے ۷۵ [illegible] تک فیصدی اور کتب قوانین میں ایک سو روپیہ سے زائد کے لیے فیصدی ۳۰ [illegible]۔ اور سررشتۂ تعلیم مستعملہ کتب کے لیے علحدہ شرائط کمیشن وغیرہ مندرج فہرست کتب تعلیم ہیں و نیز پختہ بلا وضعات و بلا وضعات خالص پر کمیشن کچھ نہیں ہے۔

ماہ جون ۱۸۹۶ء

مطبع منشی نولکشور واقع لکھنؤ میں چھپی

اطلاع: ۱۔ اس کے قبل کی کل فہرستیں منسوخ خیال کی جاویں۔

۲۔ ہر ایک خریدار کو ارمحصول بھیجنے پر یہ فہرست بلا قیمت ارسال ہوگی۔

فہرست کتب فن وار

ضمیمہ فہرست کتب کلاں

نام کتاب	پیمانہ	اجزا	قیمت
درسی مبتدیان			
ہدیۂ مختار المعروف بہ ممتاز العلوم : مؤلفہ مولانا سید ممتاز علی صاحب کاظمی سندیلوی پیشکار کلکٹری ضلع مرزا پور مطبوعۂ غیر۔ واسطے تعلیم و تہذیب اخلاق اطفال اہل اسلام کے بہت عمدہ کتاب ہے۔ مع دیگر حالات ضروری بزرگان دین۔	٦½x١٠	للعہ ۴	٦/پ بلا وضعات
موسیقی			
سرمایۂ عشرت معروف بہ قانون موسیقی : باتصویرات مصنفہ صادق علی خان ملقب بخطاب شاہی اعجاز رقم خان دہلوی ساکن محلہ بھوجلہ پہاڑی۔ اس کتاب میں باون باجوں کے اصول مع تشریح موسیقی ہندی، فارسی، انگریزی مندرج ہیں۔ مطبوعۂ غیر۔	٧½x١١	ـــــ ۴	عکرپ ۸
نادِ بنود گرنتھ باتصویرات : مصنفۂ سری گشائیں پنا لال جی مہاراج و گشائیں چنی لال جی مہاراج			

نام کتاب	پیمانہ	اجزا	قیمت
دہلوی۔ اس میں بہت سے قواعد علم موسیقی و راگ اور گیت درج ہیں۔ مطبوعۂ غیر۔	۷½ x۱۱	۲	للعہ/پ
رسالہ ہارمونیم حصہ اول: مصنفہ گشائیں چنی لال ولد گشائیں پنا لال جی دہلوی۔ اس میں ہارمونیم بجانے کے مفصل قواعد مندرج ہیں جن کو دیکھ کر ہر شخص ہارمونیم بلا کسی کی تعلیم کے مشق کر سکتا ہے۔	۵½ x۷¾	۲	عہ/پ
قصہ جات			
تاج کامیابی : یہ ایک عجیب نصیحت آمیز اور دلچسپ قصہ لائق دیکھنے اور دکھانے اور سُننے اور سُنانے بچوں اور مبتدیوں کے ہے جس کی وجہ سے بہت کچھ واقفیت بچوں کو ہو سکتی ہے۔ مطبوعۂ غیر۔	۶½ x۱۰	۴	۷/پ
قصہ ٹھگ : مترجمہ منشی مہاراجہ لال صاحب وکیل دہلوی و نظر ثانی کردۂ منشی رام گوپال بھارگو۔ اس میں اسمٰعیل ٹھگ کے حالات اوائل عمر سے نہایت خوبی سے مندرج ہیں در سہ حصہ۔ مطبوعۂ غیر۔	۶½ x۱۰		عہ/پ ۱۷
ہیر نابالغ : مصنفہ مولانا مرزا حیرت دہلوی در دو حصہ۔ مطبوعۂ غیر۔	۶½ x۱۰	۲	عہ/پ
سوانح عمری شیطان : مصنفہ رائے بھوانی پرشاد صاحب بھارگو دہلوی۔ مطبوعۂ غیر۔	۶½ x۱۰		عہ پ /۸

نام کتاب	پیمانہ	اجزا	قیمت
سوانح عمری عمر عیار : معروف بہ فسانہ حیرت جلد اول: مصنفہ مولانا مرزا حیرت علی دہلوی۔ مطبوعۂ غیر	٦½x١٠	ـــے	عہ پ /٨
سیرت محمدیہ : یعنی محمدؐ عربی حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی سوانح عمری اور تعلیمات۔ مصنفہ مولانا مرزا حیرت دہلوی۔ مطبوعۂ غیر۔	٨x١٢	للعہ کلاں ٤	ے/پ
الف لیلہ : دنیا زاد بطرز ناول معروف بہ مشاطہ بغداد باتصویرات۔ مترجمہ و مولفہ مولانا مرزا حیرت دہلوی۔ مطبوعۂ غیر۔	١٠x١٣	عہ کلاں معہ	عہ پ /١٢
الف لیلہ نثر : بطرز ناول معروف بہ شبستان حیرت باتصویرات مع اُن سترہ عجیب قصوں کے جو آج تک کسی الف لیلہ میں نہیں ہیں۔ مترجمہ مولانا مرزا حیرت دہلوی۔ مطبوعۂ غیر۔	١٠x١٣	کلاں ٣	پ /٤
پریم کہانی : مصنفہ منشی شیو دیال سنگھ صاحب وکیل مرحوم۔ مطبوعۂ غیر۔	٦½x١٠	لعہ ٦	٦/پ بلا وضعات
پھول والوں کی سیر: مصنفہ امراؤ مرزا صاحب حیرت دہلوی۔	٦½x١٠	صہ ٦	٦/پ

تواریخ مختصر بحالات انبیا و اولیا

روضۃ الاولیا : مولفۂ مولوی میر غلام علی آزاد حسینی چشتی بلگرامی مرحوم متضمن حالات اولیاء اللہ واقع

نام کتاب	پیمانہ	اجزا	قیمت
خلد آباد عرف روضہ شریف من مضافات بلدہ فجستہ بنیاد اورنگ آباد۔ مطبوعۂ غیر۔	٦½×١٠	للعہ / ے	٦/پ
کلیات و دواوین اُردو			
مظہر عشق معروف بہ دیوان قلق: مصنفہ خواجہ محمد وزیر لکھنوی۔	٧¼×١١	عـــہ / ے	/٦
طب اُردو			
علاج بر محل : ترجمہ کتاب انگریزی فرسٹ ایڈ ٹو انجورڈ (۱) مصنفہ ڈاکٹر اسمول اسبرن صاحب بہادر مترجمہ منشی سید زوار حسین مترجم اودھ اخبار لکھنؤ۔ کاغذ ولایتی۔	٨×١١	عـــہ / ١	صہ ر پ بلا وضعات
ایضاً کاغذ باریک۔	٦½×١٠	عـــہ / ١	عہ ر پ بلا وضعات
صرف نحو اُردو			
(قواعد فارسی کا بیان اُردو میں)			
مفتاح اللسان : از مولوی علی بن محمد کاظمی المعروف بہ فرید الدین احمد۔	٦½×١٠	صہ / ٣	/٣
قصہ جات			
طلسم فتنہ نور افشاں : جلد دوم۔	٨×١٢	صہ	٨/پ
تورج نامہ : دفتر ہفتم، داستان امیر حمزہ صاحبقران	٨×١٢	للعـــہ / ٦	پ/

نام کتاب	پیمانہ	اجزا	قیمت
اخلاق وتصوف فارسی			
گلدستہ دانش : مرتبہ مولوی سید عابد حسین جس میں اخلاق محسنی باب ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹ و انوار سہیلی باب یازدہم۔ بوستان باب ہشتم، گلستان باب سوم، بہارستان جامی۔ روضہ دوم شاہنامہ فردوسی، ہفت بزم ہائے نوشیرواں شامل ہیں۔	۵½ x۹	معہ ۱	۴/پ
تعلیم النسواں			
عقل و شعور : مصنفہ ناظم باکمال فخر المتقدمین والمتاخرین جناب فصاحت مآب مولوی سید نظام الدین جو سابق ازیں مطبع رتن پرکاش واقع رتلام میں طبع ہوا تھا اور مصنف صاحب کو گورنمنٹ سے (عربی) مارو پیہ بطور انعام مرحمت ہوا تھا۔	۸x۱۲		عمہ پ
سررشتہ تعلیم خوشنویسی			
اُردو کاپی بک : متعلقہ اودھ نمبرا الغایۃ نمبر ۶۔	۶½x۸½	سے	ۂ/پ بلا وضعات
کاپی ہندی بک : متعلقہ اودھ نمبرا الغایۃ نمبر ۶۔	ء	سے	ۂ/پ بلا وضعات
فقہ عربی			
درمختار فی شرح تنویر الابصار : معتبر فتاویٰ مولفہ محمد علاء الدین الحصکفی بن شیخ علی۔ چار جلد میں یکجائی یعنی جلد اول کتاب الطہارت سے کتاب			

نام کتاب	پیمانہ	اجزا	قیمت
الحج تک، جلد دوم کتاب النکاح سے کتاب الوقف تک ۔ جلد سوم کتاب البیوع سے کتاب الرجوع فی الھبۃ تک، جلد چہارم کتاب الاجارۃ سے مسائل شتّی تک ۔	۸½×۱۳½	۳	عے ۸/پ
کتب کاویہ بھاشا			
سوجان سروج پرتھم کھنڈ : مولفہ پنڈت بخش رام پانڈے سوجان کب (کوی) ساکن ہلدی ضلع بلیاو ترجمہ بزبان بھاشا بابو بدھ نارائن جی ساکن ہلدی ضلع بلیا، جس میں اُنیسویں سمبت کے برتمان کبیرندوں کے کبتا اور جیون چرتر برن ہے۔ چھاپہ ٹیپ۔	۶½×۱۰	صے	۱۰/
کاویہ سنسکرت			
گیت گوبندا کھیم کابیم : مولفہ پنڈت جی دیوک مع ٹیکا سنجیونی ارتھمانی جی۔ چھاپہ ٹیپ۔	۵½×۹	معہ/	۵/پ
اتہاس			
اوپدیش اتہاس : چھاپہ ٹیپ مولفہ بھارگو منشی تلسی رام دیال ساکن الور جس میں سری رام چندر جی کے نام کی مہما و مہاتم برن ہے۔	[illegible]½×۱۰	کے	۰/
طب ناگری			
سال ہوتر : گھوڑوں کی خوبی اور بُرائی باتصویرات			

نام کتاب	پیمانہ	اجزا	قیمت
واشکال اور اُن کے امراض کا علاج از لالہ جوالا پرساد جی۔ چھاپہ ٹیپ۔	۶½×۱۰	۹	۳/پ
کاویہ بھاشا			
سب سانٹھکا: مولفہ رام آدھار شوکل ساکن شاہ آباد ضلع ہردوئی۔	۵½×۹	۷ورق	/۰
موسیقی ناگری			
ر[illegible] چندرکا: مولفہ پنڈت بخشی رام جی۔ چھاپہ ٹیپ۔	۶½×۱۰	۶	/۱
مہاتم بھاشا			
جگناتھ مہاتم سٹیک: مولفہ پنڈت گنیش دت جی اور جس کا ٹیکا پنڈت رام بہاری نے کیا ہے۔	۶½×۱۰	۸	/۰۲
بیدانت سنسکرت			
اشٹا بکر سٹیک مؤل سنسکرت: اشٹا بکر جی کا بنایا ہوا اور ٹیکا کیا ہوا بشیشر جی کا۔ اس میں بیدانت کا بیان ہے۔ چھاپہ ٹیپ، جدید الطبع۔	۶½×۱۰	۴ورق	/۳
وید سنسکرت			
ججر بید مع بھاس سنسکرت	$\frac{20}{26} \times \frac{1}{8}$	۵	پ
ججر بید مع ٹیکا بھاشا	//	۵	پ
شام بید مع ٹیکا بھاشا اور سنسکرت انوی بھٹ	//	۴	/پ

فہرست کتب کلاں مطبع منشی نولکشور لکھنؤ و کانپور و لاہور

لغایت ماہ اپریل ۱۸۹۶ء

اِس کارخانہ سے جملہ علوم وفنون کی کتابیں مثلاً کتب قانونی، سررشتۂ تعلیم، درسی ہر نوع وفن کی، مذہبی ہر ملت کی، ہر ایک اپنی نوعیت وحیثیت سے مختلف زبانوں (میں)۔ سنسکرت سول یا مع ٹیکا یا ترجمہ، بھاشا۔ گورمکھی، عربی اصل وتراجم۔ فارسی، اردو اور انگریزی میں۔ صدر مقام لکھنؤ و ایجنسی کانپور و لاہور اور نیز تمام ہندوستان کے کتب فروشوں عربی، فارسی اور ہندی سے درخواست بھیجنے پر مل سکتی ہیں اور فرمائشی کتابیں و اشتہارات اخبار وغیرہ بہت عمدگی وکفایت سے چھاپی جاتی ہیں۔ اگرچہ یہ کارخانہ کتابوں کے لیے مخصوص ہے لیکن اسباب چھپائی مانند پتھر و پیچ وحروف ٹیپ (ٹائپ) و روشنائی وغیرہ اور علاوہ اُن کے متفرق اشیاے تجارتی کی فرمائشات بھی نہایت ارزاں کفایت نرخ کے ساتھ پوری کی جاتی ہیں حسب شرائط مندرجۂ ذیل۔

یادداشت شرایط معاملات

چونکہ عموماً تجارتی کاروبار میں خریداری ایک عام اور دوسری تاجرانہ تھوک سے ہوتی ہے اور دیگر فرمائشات بھی۔ لہٰذا ہر ایک کے شرائط پیش کیے جاتے ہیں تاکہ خوش معاملگی پر حرف نہ آئے۔

ا۔ (خریداری عام)

ہر ایک خریدار کو جو کتابیں چاہیں (چاہییں) اس نرخ پر جو فی الحال نظر ثانی میں مناسب تخفیف کے ساتھ درج فہرست ہوئی ہیں، صدر لکھنؤ اور کانپور و لاہور سے ملیں

گی اور بیرونی تاجروں میں سے اگر کسی نے یہ کتاب اپنی خاص ضرورت و ذاتی معاملت سے بقیمت کم و بیش فروخت کی تو مطبع سے اس کی شکایت نہیں ہوسکتی کیونکہ ضرورتیں مختلف ہیں اور خاص کتب سررشتہ تعلیم کی شرح قیمت و شرائط آخر فہرست میں درج ہیں۔

اس خریداری پر شرح کمیشن و طریقہ فرمائش و تعمیل و ارسال زر یا طلب ویلیو پی ایبل (value payable) درج ذیل ہیں۔

شرح کمیشن۔ ایک روپیہ سے [illegible] تک کے خریدار کو بحساب فیصدی [illegible] کمیشن ملے گا۔

[illegible]	//	[illegible]	//	//	//	[illegible]
[illegible]	//	[illegible]	//	//	//	[illegible]
[illegible]	//	[illegible]	//	//	//	[illegible]
[illegible]	//	[illegible]	//	//	//	[illegible]
[illegible]	//	[illegible]	//	//	//	[illegible]

نوٹ۔ خریداروں کو رقم کمیشن میں کتابیں دی جاویں گی۔

کتب قوانین میں ایک سو روپیہ سے زائد کے خریدار کو بحساب تیس روپیہ فیصدی کمیشن دیا جائے گا۔

محصول روانگی کا قیمت سے علاوہ بذمۂ صاحب فرمائش ہوگا۔

یہ کمیشن خاص اُنھیں خریداروں کے واسطے ہے جو نقد قیمت بھیج کر یا بذریعۂ ویلیو پی ایبل (value payable) طلب فرمائیں اور فقط اُنھیں کتابوں میں ہے جن پر فہرست میں لفظ بلا وضعات درج نہیں، علاوہ اس کے نہیں ملے گا۔

طریقہ فرمائش کی نسبت التماس ہے کہ تمام خط کتابت بنام مالک مطبع ہو اور جوابی خط

میں تاریخ ونمبر دفتر مطبع کا ضرور حوالہ فرمائیں کہ یہ خط دفتر کے ہر صیغہ کے افسر کو دیا جائے گا تا کہ فوراً تعمیل کرے لہٰذا مناسب ہے کہ فرمائشی خط میں دیگر مقاصد مستفسرہ درج نہ فرمائیں بلکہ علیحدہ تحریر کریں۔ خط میں اپنا پتہ و نام نامی بقیہ ضلع وڈاکخانہ خوب صاف و صحیح رقم فرمائیں اور اگر اس عرصہ میں دوسرے مقام کو تبدیل ہوں تو فوراً کارخانہ کو اُس سے مطلع کریں اور شاید اتفاق سے تعمیل میں کارپرداز کی غفلت ہو تو تاکید فرمائیں۔ اگر فرمائش بذریعۂ ریلوے طلب فرمانا منظور ہو تو نام اسٹیشن ریلوے بخط انگریزی تحریر کریں۔ خط کو آہنی قلم سے ایسا شکستہ نہ لکھیں کہ بسبب پڑھے نہ جانے کے بہ مجبوری داخل دفتر ہو اور جہاں تک ممکن ہو عام اُردو زبان کی اصطلاح مرعی فرمائیں یا فارسی انگریزی میں لکھ دیں پھر خط میں جس کتاب کی فرمائش ہے اگر کئی حصہ میں ہو تو حصۂ اول یا دوم وغیرہ کی تصریح فرمائیں ورنہ کامل کتاب سمجھ کر عمل درآمد ہوگا اور قسم زبان وغیرہ کی تصریح فرمائیں ورنہ کارخانہ کی راے پر تفویض سمجھی جائے گی کیونکہ بعض کتابیں اصل کے سوا دوسری زبان میں ترجمہ ہوگئی ہیں جیسے کنز الدقائق عربی یا فارسی یا اُردو تو ایسی کتابوں میں تصریح ضروری ہے لہٰذا سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ فارم فرمائش مندرجۂ ذیل کی خانہ پُری فرما کر ہمراہ خط فرمائش ارسال فرمائیں تو اُسی وقت تعمیل ہو جائے۔

نمونۂ فارم							
نمبر شمار	نام کتاب	تصریحِ زبان	تعداد جلد مطلوبہ	قیمت فی جلد	میزان کل قیمت	کیفیت	
۱	فسانۂ عجائب جلی قلم باتصویر	اُردو نثر	۱۰	۹ر	صہ ۱۰ر	کاغذ سفید گندہ والی بھیجی جاوے	یہ کتاب کاغذ رنگی پر بھی باتصویر و بلاتصویر اُردو نثر میں و نیز بلاتصویر نظم ہے اور ناگری میں بلاتصویر چھپی ہے
۲	کنزالدقائق	فارسی	یک	۹ر	۹ر		

واضح رہے کہ خط فرمائش کے ساتھ اگر نقد قیمت ارسال نہ ہوئی یا ویلیو پی ایبل کی تصریح نہ ہوئی بلکہ مطلق فرمائش ہے تو ویلیو پی ایبل طلب سمجھ کر عمل درآمد ہوگا اور اگر اِس صورت میں صاحب فرمائش یا مرسل الیہ نے اُس کو واپس کیا یا انکار کیا تو محصول ڈاک وفیس منی آرڈر جو کچھ خرچہ کارخانے نے اٹھایا ہے وہ عنایت کریں گے تاکہ خلاف اصول تجارت کے کارخانے کا نقصان نہ ہو اور عموماً فرمائشات کتب و اخبار بہ قیمت نقد ہوں گی۔

جو صاحب فرمائش روپیہ بھیج کر فرمائش طلب کریں گے اُن کے پیکٹ ایک روپیہ سے زائد عموماً رجسٹری کرا کر بھیجے جائیں گے اور کم بلا رجسٹری یا اُس حالت میں کہ جب صاحب فرمائش اپنی ذمہ داری سے بغیر رجسٹری پیکٹ طلب کریں گے روانہ ہوں گے کیونکہ پوسٹ آفس بلا رجسٹری پیکٹ کا ذمہ دار نہیں ہے۔

